بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور

نمبر: 133 - رجسٹریشن
مورخہ 07 ستمبر 2026

ری ایڈمیشن شیڈول / نوٹیفیکیشن

بخدمت:

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات
گورنمنٹ / پرائیویٹ الحاق شدہ ہائی / ہائیر سیکنڈری سکولز
واقع حدود تعلیمی بورڈ، بہاول پور

عنوان: ری ایڈمیشن شیڈول برائے جماعت نہم تعلیمی سیشن 2026-2028ء

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جماعت نہم برائے تعلیمی سیشن 2026-28ء میں (Re-Admit) کیٹگری کے تمام امیدواران کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد ری ایڈمیشن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع اداشدہ فیس کا بنک چالان وترسیلی لیٹر کے ہمراہ بورڈ ہذا میں وصولی کا شیڈول درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	شیڈول	اداروں میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری / کوائف کی فیڈنگ، بنک میں فیس جمع کرانے کے بعد آن لائن / کمپیوٹرائزڈ اصل بنک چالان اور ری ایڈمیشن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع فارورڈنگ لیٹر بورڈ آفس میں پہنچنے کی تاریخ۔
1۔	بغیر لیٹ فیس	مورخہ 03-09-2026 تا 02-10-2026 تک مبلغ -/3500 روپے فی امیدوار
2۔	ایسے طلباء / طالبات جن کا داخلہ ادارہ جات میں درج بالا شیڈول میں ہوا ہو مگر آن لائن رجسٹریشن نہ ہو سکی ہو یا Batch نہ بنا ہو اور ری ایڈمیشن فیس بنک میں جمع نہ کروائی ہو تو ایسے اُمیدواران کے کوائف آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس مبلغ -/3500 روپے کے علاوہ یومیہ جرمانہ فی اُمیدوار مبلغ -/300 روپے تاریخ وصولی بورڈ تک جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔	میٹرک جماعت نہم فرسٹ سالانہ امتحان 2027 کے انعقاد سے تین یوم قبل تک
3۔	مورخہ 02-10-2026 کے بعد ری ایڈمیشن کی اجازت نہ ہوگی۔	
ضروری نوٹ	درج بالا شیڈول کے مطابق ادارہ جات فیس ادائیگی کر کے رجسٹریشن ریٹرن بورڈ میں جمع کروائیں بغیر ادائیگی فیس رجسٹریشن ریٹرن قابل قبول نہ ہوگی اور رجسٹریشن ریٹرن مسترد کر کے واپس ارسال کر دی جائے گی مزید یہ کہ جس تاریخ کو رجسٹریشن ریٹرن بورڈ آفس میں دستی / کوریئر وصول ہوگی اُسی دن کے مطابق فیس شیڈول نافذ العمل ہوگا۔	

واضح رہے کہ مقررہ تاریخ تک آن لائن کیے گئے امیدواران کی ری ایڈمیشن فیس بنک میں جمع کرانے کے بعد آن لائن ری ایڈمیشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی وفیس چالان دفتر ہذا میں نہ پہنچنے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد پہلے ماہ مبلغ -/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ -/3,000 روپے جرمانہ (ہائی / ہائیر سیکنڈری سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ مقررہ تاریخ کے اندر ری ایڈمیشن رجسٹریشن فیس بنک میں جمع کروا کر ہارڈ کاپی بورڈ میں وصول نہ ہونے کی صورت میں یہ جرمانہ عائد ہوگا بصورت دیگر درج بالا شیڈول کے مطابق جس تاریخ کو بنک میں فیس جمع کروانے کے بعد بورڈ میں ریٹرن وصول ہوگی اسی دن کے مطابق شیڈول نافذ العمل ہوگا۔

سیکرٹری بورڈ

ضروری ہدایات برائے ری ایڈمیشن

(i) حکومتِ پنجاب / کنٹرولنگ اتھارٹی کی ہدایات کے مطابق پنجاب بورڈ کے زیرِ اہتمام میٹرک سطح کے امتحانی مراکز میں امتحان دینے والے طلباء/طالبات کے لیے بائیومیٹرک رجسٹریشن / ویری فیکیشن لازمی قرار دے دی گئی ہے۔ جماعت نہم تعلیمی سیشن 2026-28 میں طلباء/ طالبات کی آن لائن رجسٹریشن / داخلہ کے دوران تمام امیدواران کے دونوں انگوٹھوں کے فنگر پرنٹس کی لائیو سکیننگ اور Face (چہرہ) کی لائیو تصویر لی جائے گی۔ واضح رہے کہ امیدواران کی لائیو سکیننگ کے بغیر ان کی رجسٹریشن نہیں ہوگی جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ سربراہ ادارہ پر عائد ہوگی۔ اس بارے آن لائن پورٹل / ویب سائٹ پر بذریعہ لیٹر نمبر 130 / رجسٹریشن مورخہ 14-04-2026 آگاہ کر دیا گیا تھا۔ بائیومیٹرک رجسٹریشن /Face کی لائیو تصویر کے لیے درج ذیل Requirements اور طریقہ کار پر عمل کیا جائے۔

1 - بائیومیٹرک ڈیوائس Digital Persona 4500 موجود ہونی چاہیے۔

2 - لیپ ٹاپ / کمپیوٹر بمعہ ویب کیمرہ (2K Q.C)/Android موبائل فون موجود ہونا چاہیے۔

طریقہ کار: سابقہ طریقہ کار کے مطابق امیدواران کے کوائف کمپیوٹر پروگرام کے تحت فیڈ کر کے Submit کیے جائیں گے۔ اس کے بعد ہر امیدوار کی بائیومیٹرک اور Face رجسٹریشن مکمل کی جائے گی جس کے بعد Batch بن سکے گا۔ مکمل طریقہ کار کی ویڈیو ادارہ جات کے پورٹل پر ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

(ii) جماعت نہم میں سابقہ پانچ سال (امتحان 2022 تا 2026) میں کسی بھی مضمون / مضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کرنے والے / فیل / غیر حاضر ریگولر / پرائیویٹ امیدواران مضمون / مضامین / گروپ /Combination تبدیل کر کے یا تبدیل کیے بغیر جماعت نہم میں دوبارہ صرف ایک مرتبہ بہاول پور بورڈ کی حدود میں واقع کسی بھی تعلیمی ادارہ میں Re-Admit کیے جاسکیں گے۔

(iii) جماعت نہم 2022ء تا 2025ء کے امتحان میں شمولیت اختیار کرنے والے فیل / غیر حاضر / رزلٹ کینسل کروانے والے یا کسی بھی مضمون / مضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کرنے والے ریگولر / پرائیویٹ امیدواران اس امر کا حلفیہ بیان بھی دیں گے کہ انہوں نے دوبارہ نہم جماعت / دہم جماعت یا (مشترکہ) نہم و دہم جماعت کا امتحان نہ دیا ہے نیز غلط بیانی کی صورت میں کسی بھی وقت ان کا رجسٹریشن / نتیجہ منسوخ / کالعدم قرار دیا جائے گا۔

(iv) جماعت نہم میں پاس شدہ ریگولر / پرائیویٹ امیدواران ری ایڈمیشن حاصل کرنے کے لیے اپنا پاس شدہ نتیجہ کی منسوخی کے لیے درخواست / اصل رزلٹ کارڈ / مجوزہ فیس اور اصل بیان حلفی (تصدیق شدہ اوتھ کمشنر) بنام اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (میٹرک) کو ارسال کریں نیز نتیجہ کی منسوخی بارے مزید معلومات کے لیے شعبہ میٹرک فون نمبر (062-9330232) پر رابطہ کریں۔

(v) نتیجہ منسوخ کروانے والے ریگولر / پرائیویٹ امیدواران ری ایڈمیشن کے بعد کسی بھی مرحلہ پر پوزیشن / انعام کے حقدار نہیں ہوں گے۔

(vi) کوئی بھی امیدوار میٹرک پارٹ سیکنڈ (دہم) کی امتحانی رول نمبر سلپ جاری ہونے کے بعد جماعت نہم میں دوبارہ رجسٹریشن / ری ایڈمیشن کا اہل نہ ہے۔

(vii) ری ایڈمیشن کے بعد امیدواران کا سابقہ رجسٹریشن نمبر ہی برقرار رہے گا نیز طلباء / طالبات Re-Admission کی سہولت صرف ایک مرتبہ ہی حاصل کر سکتے ہیں۔

پروفیسر عدیل مالک چیمہ
سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع / ضروری کارروائی۔

(1) جناب سیکرٹری صاحبان، تعلیمی بورڈز پنجاب
(2) جناب سی ای او (ایجوکیشن) ضلع بہاول پور، بہاولنگر، رحیم یار خان
(3) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت)۔
(4) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)۔
(5) سسٹم اینالسٹ (برائے بورڈ ویب سائٹ)۔
(6) داخلی تقسیم / نوٹیفکیشن فائل۔

منصف علی سیال
اسسٹنٹ سیکرٹری (رجسٹریشن)